**08.06.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ
**Music**

------------------------------

☆ مرکز میں کل نئی حکومت کی حلف برداری کی تقریب کی تیاریاں زور شور سے جاری ہیں۔

☆ جناب نریندر مودی اور ان کی کونسل کے وزراء کی حلف برداری کی تقریب میں پڑوسی ممالک اور بحرِ ہند خطے کے رہنما شرکت کریں گے۔

☆ انتخابی کمیشن نے جموں وکشمیر میں قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کیلئے مشترکہ چناؤ نشان الاٹ کئے جانے کے سلسلے میں سیاسی پارٹیوں سے درخواستیں طلب کی ہیں۔

☆ صدر جمہوریہ اور نامزد وزیر اعظم نے میڈیا ممتاز شخصیت اور **Eenadu** گروپ کے بانی **Ramoji Rao** کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔

☆ اور...... مردوں کے **ICC** ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ میں بنگلہ دیش نے سری لنکا کو ہرایا، جبکہ افغانستان نے نیوزی لینڈ کو شکست دی۔

-----------------------

**Music**
اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM Swearing In**

مرکز میں نئی سرکار کی حلف برداری کی تقریب کے لیے تیاریاں زور شور سے جاری ہیں۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے نامزد وزیر اعظم نریندر مودی کو نئی سرکار بنانے کے لیے مدعو کیا ہے۔ حلف برداری کی تقریب کل شام سوا سات بجے راشٹرپتی بھون میں ہوگی۔ صدر جمہوریہ، جناب مودی اور مرکزی وزارتی کونسل کے ممبروں کو عہدے اور رازداری کا حلف دلائیں گی۔ جناب مودی نے کل صدر جمہوریہ سے ملاقات کی تھی اور نئی حکومت بنانے کا دعویٰ پیش کیا تھا۔

اِس سے پہلے بی جے پی کے صدر جے پی نڈا کی زیرقیادت این ڈی اے کے ایک وفد نے صدر سے ملاقات کرکے انہیں ایک عرضداشت پیش کی، جس میں کہا گیا تھا کہ جناب نریندر مودی کو بی جے پی پارلیمانی پارٹی کا لیڈر منتخب کیا گیا ہے۔ این ڈی اے میں شامل پارٹیوں کی طرف سے جناب مودی کی زیر قیادت سرکار کی حمایت کے خطوط بھی صدرجمہوریہ کو پیش کئے گئے۔

راشٹرپتی بھون کے باہر اظہار خیال کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ این ڈی اے ایک مضبوط، پائیدار اور ایک ایسی سرکار بنائے گی، جو ترقی کو بڑھاوا دے گی۔

جناب مودی نے کہا کہ صدر جمہوریہ نے انہیں وزیراعظم نامزد کیا ہے اور انہوں نے محترمہ دروپدی مرمو کو بتایا کہ وہ حلف برداری کی تقریب سے مطمئن ہیں، جو کہ کل شام کو ہوگی۔ جناب مودی نے کہا کہ باقی تفصیلات راشٹرپتی بھون طے کرے گا اور اُس وقت تک صدر جمہوریہ کو وزارتی کونسل کے ممبروں کی فہرست بھیج دی جائے گی۔

جناب مودی نے کہا کہ ملک کے عوام نے این ڈی اے سرکار کو ایک اور موقع دیا ہے اور 18ویں لوک سبھا ایک نئی اور نوجوانوں کی قوت کا ایوان ہوگا۔

جناب مودی نے کہا کہ اُن کی سرکار عوام کی اُمنگوں اور امیدوں کو پورا کرے گی۔ نامزد وزیر اعظم نے کہا کہ پائیدار سرکار ملک کے عوام ، معیشت اور نوجوانوں کے لیے سود مند ثابت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ اُن کی سرکار ملک کی تیز رفتار ترقی کو یقینی بنانے کے لیے ہر ممکن کوشش کرے گی۔

اِسی دوران وزارتِ خارجہ نے بتایا ہے کہ سری لنکا کے صدر رانیل وکرما سنگھے،مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو، Seychelles کے نائب صدر احمد عفیف اور بنگلہ دیش کی وزیر اعظم شیخ حسینہ حلف برداری کی تقریب میں شرکت کریں گی۔

ان کے علاوہ ماریشس کے وزیر اعظم Pravind کمار Jugnauth، نیپال کے وزیر اعظم پشپ کمل دہل پرچنڈ اور بھوٹان کے وزیر اعظم بھی اِس تقریب میں شامل ہوں گے۔x

### Hasina PM Swearing In

بنگلہ دیش کی وزیر اعظم شیخ حسینہ، نئی دلّی پہنچ گئی ہیں۔ وہ نریندر مودی کے لگاتار تیسری مدت کیلئے وزیر اعظم کی حیثیت سے حلف لینے کی تقریب میں شرکت کریں گی۔ حلف برداری کی تقریب میں شرکت کرنے کے علاوہ، وہ کل شام راشٹرپتی بھون میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کی جانب سے منعقدہ ایک ضیافت میں بھی شرکت کریں گی۔ جناب مودی نے بنگلہ دیش کی اپنی ہم منصب کو اپنی حکومت کی حلف برداری کی تقریب میں شرکت کرنے کی دعوت دی تھی۔

x

### Odisha-CM-Swearing In

اڈیشہ میں بی جے پی کے پہلے وزیر اعلیٰ کو حلف دلانے کی تیاریاں جاری ہیں۔ وہاں پیر کو بھونیشور کے جنتا میدان میں حلف برداری کی تقریب ہوگی۔ اُسی دن صبح بی جے پی قانون ساز پارٹی کی میٹنگ ہوگی۔ البتہ بی جے پی کو ابھی نئے وزیراعلیٰ کا نام طے کرنا ہے اور اب توجہ دلی کی طرف مبذول ہوگئی ہے، جہاں امید ہے کہ پارٹی کا پارلیمانی بورڈ اِس بارے میں حتمی فیصلہ کرے گا۔ 78 ارکان پر مشتمل قانون ساز پارٹی کی میٹنگ بلائی گئی ہے، جس میں باقاعدہ پارٹی لیڈر کا انتخاب کیا جائے گا۔ میٹنگ میں پارٹی کے دو مرکزی مشاہد بھی شرکت کریں گے۔x

### Chander Babu Naidu

تیلگو دیشم پارٹی کے قومی صدر چندر بابو نائیڈو بدھ کو آندھراپردیش کے وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے حلف لیں گے۔ حلف برداری کی تقریب وجے واڑہ کے پاس ہوگی۔ امید ہے کہ NDA کے اعلیٰ رہنما اور پڑوسی ریاستوں کے وزرائے اعلیٰ اِس تقریب میں شرکت کریں گے۔ 2014 میں آندھرا پردیش کی تقسیم کے بعد وہ دوسری بار وزیر اعلیٰ کے عہدے پر فائز ہوں گے۔ تیلگودیشم پارٹی، Janasena اور بھارتیہ جنتا پارٹی پر مشتمل این ڈی اے اتحاد نے 175 اسمبلی سیٹوں میں سے 164 پر کامیابی حاصل کی ہے۔x

### Rev. CWC-Meeting

آج نئی دلی میں توسیع شدہ کانگریس ورکنگ کمیٹی کی میٹنگ منعقد ہوئی۔ میٹنگ میں کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے، پارٹی کے اعلیٰ رہنماؤں سونیا گاندھی، راہل گاندھی، پارٹی جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی واڈرا اور دوسرے پارٹی رہنماؤں نے شرکت کی۔ اپنے افتتاحیہ کلمات میں جناب کھڑگے نے نئے منتخبہ ممبروں کو مبارکباد دی، جنھوں نے چناؤ لڑا اور مخالفانہ حالات کے باوجود کامیابی حاصل کی۔ انہوں نے کہا کہ منی پور میں، جہاں سے کانگریس نے نیائے یاترا شروع کی تھی، دونوں سیٹیں جیتیں اور ناگالینڈ، آسام اور میگھالیہ سے بھی اُسے کامیابی ملی۔x

### EC- J&K Polls

انتخابی کمیشن نے فیصلہ کیا ہے کہ وہ جموں وکشمیر کی قانون ساز اسمبلی کے عام انتخابات کے لیے مشترکہ چناؤ نشان الاٹ کیے جانے کے سلسلے میں سیاسی پارٹیوں کے ذریعے داخل کی گئی درخواستوں کو فوری طور پر قبول کرے گی۔ سپریم کورٹ نے پچھلے سال دسمبر میں Poll پینل کو ہدایت جاری کی تھی کہ وہ جموں وکشمیر میں 30 ستمبر تک اسمبلی الیکشن کا انعقاد کرائے۔ غیر تسلیم شدہ رجسٹرڈ پارٹیوں کو اپنے امیدواروں کو چناؤ میں کھڑا کرنے کے لیے ایک

مشترکہ انتخابی نشان کے لیے درخواست داخل کرنی ہوگی۔x

## Prez-PM-Ramoji Rao

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور نامزد وزیر اعظم نریندر مودی نے میڈیا کی ایک سرکردہ شخصیت اور Eenadu گروپ کے بانی رامو جی راؤ کے انتقال پر گہرے صدمے کا اظہار کیا ہے۔ اُن کا آج صبح حیدر آباد میں انتقال ہوا۔ وہ 87 سال کے تھے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ جناب راؤ کے انتقال سے بھارت تفریحی شعبے اور میڈیا کی ایک عظیم شخصیت سے محروم ہوگیا ہے۔

جناب نریندر مودی نے اپنے تعزیتی پیغام میں کہا کہ جناب راؤ ایک دور اندیش شخصیت تھے، جنہوں نے بھارتی میڈیا میں ایک انقلاب برپا کیا۔x

## Delhi-Factory Fire

دلی کے نریلا صنعتی علاقے میں واقع ایک فیکٹری میں آج صبح سویرے زبردست آگ لگ جانے سے 3 افراد کی موت ہوگئی اور 6 جل کر زخمی ہوگئے۔ آگ بجھانے والے محکمے کے ایک اہلکار نے آکاشوانی نیوز کو بتایا کہ صبح سویرے 3 بجکر 38 منٹ پر انہیں آگ لگنے کی اطلاع ملی تھی اور آگ بجھانے والی 14 گاڑیوں کو وہاں بھیجا گیا۔ زخمیوں کو قریب کے اسپتال میں داخل کرا دیا گیا ہے۔ اس اہلکار نے یہ بھی بتایا کہ بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ آگ ایک پائپ لائن میں سے گیس کے رِسنے کی وجہ سے لگی۔ یہ گیس ایک برنر کو سپلائی کی جاتی ہے، جسے مونگ کی دال کو بھوننے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔x

## Chhattisgarh Encounter

چھتیس گڑھ کے بستر ڈویژن میں کل سیکیورٹی فورسز کے ساتھ ایک جھڑپ میں 7 ماؤنواز مارے گئے۔ دانتے واڑہ کے SP گورو رائے نے آکاشوانی نیوز کو بتایا کہ جائے وقوع سے ہلاک شدہ ماؤ نوازوں کی لاشیں برآمد کرلی گئی ہیں۔پولیس افسران کے مطابق یہ جھڑپ نارائن پور اور دانتے واڑہ ضلعوں کی سرحد پر پیش آئی۔

Gobel کے جنگل میں ماؤنوازوں کی موجودگی کے بارے میں خفیہ اطلاعات ملنے کے بعد ڈسٹرکٹ ریزوگارڈ DRG اور ITBP کی ایک مشترکہ ٹیم نے تلاش کی کارروائی شروع کی تھی۔

تلاش کی کارروائی کے دوران Gobel کے جنگلات جھڑپ شروع ہوگئی۔ x

## CBI Charge Sheet

CBI نے زمین کے بدلے نوکری گھوٹالے سےمتعلق اپنی حتمی فردجرم داخل کردی ہے۔ اس معاملے میں ریلوے کے سابق وزیر لالو پرساد یادو، ان کے اہل خانہ اور دیگر مبینہ طور پر ملوث ہیں۔خصوصی عدالت 6 جولائی کو فردجرم پر غوروخوض کرے گی۔

زمین کے بدلے نوکریوں کے مبینہ گھوٹالے میں عائدکردہ تازہ فرد جرم کےتعلق سے عدالت نے اس سے پہلے 4 اکتوبر 2023 کو لالو پرساد یادو، بہار کے نائب وزیراعلیٰ تیجسوی یادو، رابڑی دیوی اور دیگر کو ضمانت دے دی تھی۔

ایک اور معاملے میں CBI نے BRS کی لیڈر کے کویتا کے خلاف آبکاری پالیسی معاملے کے سلسلے میں دلی کورٹ میں ایک ضمنی فردجرم داخل کی۔

خصوصی جج کاویری باویجا نے معاملے کی سنوائی 6 جولائی کیلئے مقرر کی ہے۔ عدالت نے کویتا کی عدالتی تحویل میں 21 جون تک توسیع کردی ہے۔۔x

## YOGA Akashwani & DD

اطلاعات و نشریات کی وزارت، مشترکہ یوگ پروٹوکول کے بارے میں بیداری لانے کے لیے بہت سے پروگراموں کا انعقاد کرے گی۔ اطلاعات و نشریات کے سکریٹری سنجے jaju اور سکریٹری آیوش Vaidya راکیش کٹیچا نے کل نئی دلی میں یوگ کے 2024 کے بین الاقوامی دن کی سرگرمیوں کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔

سرکاری براڈ کاسٹر پرسار بھارتی، دوردرشن اور آکاشوانی نیٹ ورک کے ذریعے مختلف پروگراموں کا براڈ کاسٹ اور ٹیلی کاسٹ کرے گا۔ وزارت نے بتایا کہ ددوردشن یوگ ماہرین کے انٹرویوز براڈ کاسٹ کرے گا، جس میں صبح کے وقت خصوصی لائیو شو بھی شامل ہے۔

آکاشوانی، یوگ کو ایک طرزِ زندگی کے طور پر اور عوام کی مجموعی صحت کے طور پر فروغ دینے کے مقصد سے پروگرام براڈ کاسٹ کرے گا۔یہ پروگرام یوگ کے مرارجی ڈیسائی نیشنل انسٹی ٹیوٹ کے ساتھ مل کر پیش کیے جائیں گی۔ آیوش کی وزارت نے ایک یوگ گیت تیار کیا ہے، جو میڈیا کے سبھی پلیٹ فارموں سے بجایا جائے گا۔x

## UAE Exhibition

بیرون ملک مقیم بھارتی فنکاروں کی ایک مشترکہ کاوش، ''The Paint Brush Art Community'' نے متحدہ عرب امارات، UAE میں ''Retro Revival'' کے عنوان سے ایک منفرد نمائش کا انعقاد کیا۔ اس بین ثقافتی فنکارانہ نمائش میں 8 ملکوں کے 22 فنکاروں نے ایک جگہ یکجا ہوکر، ہالی ووڈ کے سنہری دَور کی معروف پیرا ماؤنٹ

فلموں کو خراج تحسین پیش کیا۔

اس دوران Terminator، ٹائٹینک، دی گاڈ فادر، Sleepy Hollow، Tomb Raider اور Top Gun جیسی مقبول فلموں سے متعلق تصویروں سمیت 26 فن پاروں کی نمائش کی گئی۔ x

## T20 Match

ICC کے مردوں کے عالمی کپ میں، آج صبح ٹیکساس کے Grand Prairie اسٹیڈیم میں بنگلہ دیش نے سری لنکا کو 2 وکٹ سے ہرا دیا۔ پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے سری لنکا نے مقررہ 20 اوورس میں 9 وکٹ پر 124 رن بنائے۔ جواب میں بنگلہ دیش نے 19 اوورس میں 8 وکٹ کے نقصان پر 125 رن بنا کر میچ جیت لیا۔

ایک دیگر میچ میں، گُیانا میں Providence اسٹیڈیم میں افغانستان نے نیوزیلینڈ کو 84 رن سے ہرا دیا۔ پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے، افغانستان نے 20 اوورس میں 6 وکٹ پر 159 رن بنائے جبکہ نیوزی لینڈ کی پوری ٹیم 15 اوورس اور دو گیندوں میں محض 75 رن پر آؤٹ ہوگئی۔

کل رات، نیویارک کے Nassan کاؤنٹی انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں کینیڈا نے آئر لینڈ کو 12 رن سے ہرا دیا۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے کینیڈا نے مقررہ 20 اوورس میں 137 رن بنائے۔ جواب میں آئر لینڈ، 7 وکٹ کے نقصان پر محض 125 رن ہی بنا سکا۔ x

## FIH Hockey Pro League

بھارت، لندن میں جاری FIH Hockey Pro League میں آج جرمنی کا سامنا کرے گا۔ اس سے پہلے ایک میچ میں، بھارت نے جرمنی کو تین-صفر سے ہرایا تھا۔ بھارت کل میزبان برطانیہ کے ساتھ کھیلے گا۔

بھارتی ٹیم، پوائنٹس ٹیبل میں اس وقت چوتھے مقام پر ہے۔ اُس نے 14 میچوں سے 24 پوائنٹس حاصل کئے ہیں۔ ارجنٹینا 29 پوائنٹس کے ساتھ سرفہرست ہے جبکہ نیدر لینڈس 26 پوائنٹس کے ساتھ دوسرے مقام پر ہے۔ x

## Ladakh Meeting

لداخ میں، لداخ خود مختار پہاڑی ترقیاتی کونسل، (LADHDC) کرگل کے چیئرمین اور چیف ایگزیکیٹیو کونسلر-CEC ڈاکٹر محمد جعفر اخون نے ضلع میں تعلیمی فریم ورک کو مستحکم بنانے سے متعلق حکمت عملیوں کے بارے میں غور و خوض کیا۔ انھوں نے تعلیم کو اعلیٰ ترجیح دینے، ضلع کے تعلیمی نصاب کو ثانوی تعلیم کے مرکزی بورڈ کے ساتھ ہم آہنگ کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ ضلع کے تعلیمی منظرنامے میں انقلابی تبدیلی لانے کے مقصد سے، ڈاکٹر اخون نے

محکمۂ تعلیم کو ہدایت کی کہ وہ جولائی میں شروع ہونے والے رہائشی کوچنگ پروگراموں کو از سرِ نو جاری رکھیں۔ x

☆☆☆☆☆☆☆